سوال

(44) آن حضور ﷺ کی پیدائش ووفات مع اختلافات مذاہب دیگراں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آن حضور ﷺ کی پیدائش ووفات مع اختلافات مذاہب دیگراں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہت مؤرخین اور اہل علم کا اتفاق ہے کہ آپ کی پیدائش ربیع الاول میں سوموار کے دن ہوئی ہے اور اس کے بعد یا ثانی ربیع الاول یا تاسع یا ثانی عشر ہونے میں اختلاف ہے۔ اسی طرح وفات سوموار کا دن ربیع الاول میں ہونے کا اکثر علماء کا اتفاق ہے۔ جمہور کے نزدیک بارہ ربیع الاول ہے۔ زیادہ اقرب الی الصواب بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ آنحضرت کی پیدائش ۹ ربیع الاول کو ہوئی ہے اور وفات دوسری ربیع الاول کو اصل میں ثانی شہر ربیع الاول تھا مگر تحریف ہو کر ثانی عشر بن گیا۔ یعنی اصل میں ثانی (دوم) تھا مگر غلطی سے ثانی عشر (بارہ ربیع الاول) بن گیا۔ (اہل حدیث جلد نمبر ۳ شمارہ نمبر ۴۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 137

محدث فتویٰ